रात और दिन

رات اور دن

اداکاران

پردیپ کمار

نرگس

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۲

رات اور دن کے گانے

رات اور دن دیا جلے
میرے من میں پھر بھی اندھیارا ہے
جانے کہاں ہے وہ ساتھی
تو جو ملے جیون اجیارا ہے
پگ پگ من میرا ٹھوکر کھائے
چاند سورج بھی راہ نہ دکھلائے
ایسا اجالا کوئی من میں سمائے
جس سے پیا کا درشن مل جائے
رات اور دن

گہرا یہ بھید کوئی مجھ کو بتائے
کس نے کیا ہے مجھ پر انیائے
جس کا ہو دیپ وہ سکھ نہیں پائے
جوت دیئے کی دوجے گھر کو سجائے
خود نہیں جانوں ڈھونڈے کس کو نظر
کون دشا ہے میرے من کی ڈگر
کتنا عجب ہے یہ دل کا سفر
ندیوں میں چھائے جائے جیسے لہر ۔ رات اور دن

گانا نمبر ۱۰ - پھول سا چہرا چاند سی رنگت
چال غضب، مت کیا کہئیے
جو بھی دیکھے ہو جائے پاگل
ایسی نوجوانی کیا کہئیے
اپنی ادا سے آپ سمٹنا
سائے سے اپنی آپ جھجکنا
ہاتھ لگے تو کُملا جائے
ایسی نزاکت کیا کہئیے
ایک نظر سے دیکھ لو
بے موت وہ بیمار ہی جلے
اُدھر سے بھولی اندر سے قاتل
ایسی شرارت کیا کہئیے
جس کو زمانا کہتا ہے سورج
یہ تو تمہارا نقشِ قدم
مل جائے جس کو تم سی حسینہ اُس کی حالت کیا کہئیے

گانا نمبر ۱۱ - آجا اے میرے دِل جانے کہاں ہے تیری منزل
ویرانوں میں صحراؤں میں آتے جاتے ان راہوں میں
تیرے اشاروں پر ناچی میں جیون بھر آوارا
اب تو بتلا اے دِل میرے باقی ہیں اب کتنے پھیرے
اب تو رُکے یہ سفر میرے بھی
کوئی گھر آوارا

رات اور دن کے یہ دہرے
اب تک ہیں تجھ کو گھیرے
کون ہوں میں کیا ہوں یہ ہوں کیہ سایا
گانا نمبر ۳ :- نہ چھیڑو کل کے افسانے
کرو اس رات کی باتیں
چھلکنے دو یہ پیمانے
کرو اس رات کی باتیں
نہ پھر یہ رات آئے گی
نہ دل اچھلے گا سینے میں
نہ ہو گی رنگ میں محفل
نہ ایسا رنگ جینے میں
جو کل ہو گا خدا جانے
کرو اس رات کی باتیں
ہر اک دن کل کا جھگڑا ہے
ہر اک دن کل کا رونا
یہ گھڑیاں رات کی ہم بھی
نہ اوروں کی طرح کھونا
ملیں گے کب یہ دیوانے
کرو اس رات کی باتیں
کرو وہ بات جس سے
بوجھ دل کا دور ہو جائے

کرو وہ ذکر جس سے
بیکسی کا دور ہو جائے
ملے ہیں دل کو بہانے
کرو اس رات کی باتیں
مرد:- دل کی گرہ کھول
چپ نہ بیٹھو کوئی گیت گاؤ
محفل میں کون ہے اجنبی
تم میرے پاس آؤ
ملنے دو اب دل سے دل کو
مٹنے دو مجبوریوں کو
شیشے میں اپنے ڈبو دو
سب فاصلوں دوریوں کو
... میں مسکرائے تمہاری جو تم مسکرادو
ہم تم تھے ہم تم رہے اب
کچھ اور ہی ہو گئے اب
سپنوں کے جھلمل نگر میں
جانے کہاں کھو گئے ہم
ہمراہ پوچھیں کسی سے نہ
تم اپنی منزل بتاؤ
کل ہم سے پوچھے جو کوئی
کیا ہو گیا تھا تمہیں کل

مُڑ کے نہیں دیکھنے ہم
دِل نے کہا ہے چلا چل
وہ دَور پیچھے کہیں رہ گئے
اب اُنہیں مت بلاؤ
گانا نمبر ۱۵۔ جینا ہم کو راس نہ آیا
ہم جانے کیوں جیتے ہیں
کیا ساون کیا بھادوں
اپنے سب دِن رونے بیتے ہیں
ہم سے تو جگ روٹھ گیا ہے
ایک تمہارا کیا شکوہ
اب کیوں آہیں بھرتے ہیں
ہم اب کیوں آنسو پیتے ہیں
پیار کی بازی آسان سمجھے
ہم نے بڑی نادانی کی
دِل کی دُہائی دینے والے
یہ بازی کب جیتے ہیں
دورِ جنوں میں کیا کیا سوجھی
کیا کیا ہم نے کر ڈالا
خود ہی گریباں پھاڑ لیے
خود ہی گریباں سیتے ہیں۔
ختم شد

عملیات تسخیر عام

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے
کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آ سکتی۔
دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک
ایک لاجواب فاضل مصنف نے بڑی تحقیق
باعمل عاملین کے صدری اور اسراری عملیات
اس کتاب میں درج کر دیئے ہیں۔
قیمت صرف ۸/ علاوہ محصول ڈاک خرچ

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب دہلی کے مشہور حکیم جناب
حافظ محمد اجمل خان صاحب والد بزرگوار
حاذق الملک صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر
تصنیف کی ہے۔ مستورات کے بارے میں قیمتی
معلومات درج ہیں۔
قیمت صرف ۱-۱ علاوہ محصول ڈاک خرچ

...ن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

مکمل مرغی خانہ مکمل ہر سہ حصہ

یعنی

تجارتی مرغی خانہ۔ کامیاب مرغی خانہ طبیب مرغی خانہ
جس میں مرغیوں کے پالنے۔ پرورش کرنے اُن کی نسل
افزائی کرنے کے بہترین طریقے۔ انڈوں سے بچے نکالنا
اُن کے ہر مرض کا علاج۔ اور دیگر معلومات درج ہیں۔
قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

اصلی پرانا اندر جال یعنی استاد جادوگراں

اس کتاب میں محبت کیلئے عمل محبوب بفرمان ہو
حاکم مہربان ہو۔ دفینہ ہاتھ آئے۔ بچہ ہر آفت سے
بچا رہے۔ دماغ روشن ہو۔ گمشدہ کی تلاش
پردیس گئے ہوئے کو واپس بلانا۔ کاروبار میں ترقی
دشمن خراب ہو۔ دولت مل جائے۔ طلسمی
انگوٹھی۔ تعویذ بنانا وغیرہ۔

قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی